نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں وفد کا کیمبرج میں ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا دورہ

پنجاب میں جدید زرعی تحقیق کے فروغ کے لیے ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کیمبرج کے ساتھ تعاون حاصل کیا جائے گا۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 06 جون 2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی قیادت میں ایک اعلیٰ سطحی وفد نے برطانیہ میں قائم ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، کیمبرج کا دورہ کیا۔ وفد میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی شامل تھے۔ دورے کا مقصد پنجاب میں زرعی تحقیق کو بین الاقوامی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا اور جدید سائنسی بنیادوں پر تحقیق کے فروغ کے لیے بین الاقوامی اداروں کے ساتھ تعاون کو مستحکم کرنا ہے۔

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب میں جدید زرعی تحقیق کے فروغ کے لیے ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کیمبرج کے ساتھ تعاون حاصل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ایوب ایگریکلچرل ریسرچ انسٹیٹیوٹ فیصل آباد اور ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کیمبرج کے درمیان مشترکہ تحقیقی سرگرمیوں کا آغاز کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ دونوں اداروں کے مابین مشترکہ زرعی تحقیق کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے جائیں گے۔سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ دونوں اداروں کی مشترکہ تحقیق سے پنجاب میں زراعت جدید خطوط پر استوار ہوگی

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر کہا کہ ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کیمبرج سے تعاون کے نتیجے میں ہمارے زرعی سائنسدانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆